ویسٹ جیسمنڈ پرائمری اسکول [West Jesmond Primary School] میں خوش آمدید

ہمارے بہت ہی خاص بچوں، والدین، نگہداران اور دلچسپی لینے والے ملاقاتیوں کو زبردست خوش آمدید۔ یہ ایک بے حد خوشی اور انتہائی سعادت کی بات ہے کہ ویسٹ جیسمنڈ پرائمری اسکول کے صدر مدرس ہمارے اسکول کی ویب سائٹ میں آپ کا خیرمقدم کرنے والے ہیں۔

ویسٹ جیسمنڈ 1901 ہی سے جیسمنڈ میں کامیابی کے ساتھ اعلی ترین معیار کی تعلیم فراہم کرنے کی ایک طویل تاریخ رکھنے والا صحیح معنوں میں ایک منفرد اسکول ہے۔ اس مدت میں تعلیم اور ہماری شاندار اسکول بلڈنگ میں بہت سی تبدیلیاں عمل میں آئی ہیں لیکن گزشتہ 111 سالوں میں ہم نے اپنے بچوں کو خاص محسوس کرانے میں خود پر ہمیشہ ناز کیا ہے اور نصاب تعلیم کے جملہ میدانوں میں ان کی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا ہے۔

مستقبل کے مراجعتی پروگراموں کے ذریعہ، میں اس بارے میں آپ کے خیالات جاننے کا منتظر ہوں کہ ہم اس تعلیم کو مسلسل کس طرح بہتر بنا سکتے ہیں جو ہم آپ کے بچوں کو فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ کسی بھی وقت مجھ سے ملنے کے لئے وقت مقرر کرنا چاہتے ہیں تو برائے مہربانی اسکول کے دفتر سے رابطہ کریں اور میں آپ سے جلد سے جلد ملنے کی کوشش کروں گا۔

میں انتہائی خوش ہوں کہ ہم نے یقینا ایک لاجواب اسکول بنایا ہے جو شاندار پڑھائی، ایک حوصلہ مند، یاد کرنے کے قابل، تخلیقی نصاب تعلیم اور سیکھنے والے تمام لوگوں کے لئے مسلسل اعلی تعلیمی حصول اور پیش رفت کی محفوظ بنیادوں پر قائم ہے۔

میرا خواب ہے کہ ویسٹ جیسمنڈ کے بچے سال 6 میں ہم سے اس حال میں رخصت ہوں کہ وہ خوش، کامیاب، صاف صاف بولنے والے، پرامنگ اور پرزور نوجوان لوگ ہوں، جو اپنی زندگیوں میں سیکھنے کے دوسرے مرحلہ کے لئے تیار ہوں اور جدید برطانوی سماج میں ثقافتوں کے دلچسپ فرق کا احترام کرنے والے ہوں۔

یہ بات بھی انتہائی اہم ہے کہ اپنے اسکول میں ہم ایک مکمل گھریلو ماحول کو بڑھاوا دیتے ہیں جہاں بچے اپنی انفرادیت اور اپنی صلاحیت کے اظہار میں پراعتماد محسوس کرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ ان کی زندگی کے کسی بھی میدان میں کامیابی کا ثمرہ ملے گا اور اسے عزت کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ بروقت ہمارے پاس پوری دنیا کے 27 ممالک کے بچے ہیں اور ایسے بچے ہیں جو 21 زبانوں تک میں رواں ہیں – جو ایک ایسی خصوصیت ہے جس کے حامل بہت کم پرائمری اسکول ہو سکتے ہیں۔ یہ ہماری منفرد نوعیت میں ایک اضافہ ہے جس میں بچے باہم مل جل کر کام کرتے، کھیلتے اور سیکھتے ہیں۔

ایک ساتھ مل کر ہم ویسٹ جیسمنڈ پرائمری کو آپ کے بچوں کے لئے ایک ایسی شاندار جگہ بنائیں گے جس میں وہ ہماری دلکش جیسمنڈ کمیونٹی کے مرکز میں رہتے ہوئے، نیز ہمارے عظیم شہر میں عمدگی کی ایک علامت کے طور پر، سیکھیں، بڑھیں اور پروان چڑھیں۔

آپ کا مخلص

گیری ویلس-کلارک [Gary Wallis-Clarke]

داخلوں سے متعلق معلومات مقامی مقتدرہ کے اسکول کے داخلوں سے متعلقہ ویب سائٹ:
http://www.newcastle.gov.uk/school-admissions سے دستیاب ہے۔ درخواستوں کے لئے ضروری ہے کہ اسکول کے داخلہ سے متعلق شعبہ میں مذکورہ بالا ویب سائٹ کے واسطہ سے آن لائن یا بذریعہ ٹیلیفون 0191 277 4133 براہ راست جمع کئے جائیں۔

'مفت اسکولی کھانے' سے متعلق اہلیت اور درخواست کے بارے میں معلومات درج ذیل پر دستیاب ہے:
http://www.newcastle.gov.uk/education-and-learning/grants/free-school-meals